اخبار الجامعہ

حافظ حامد محمود

# رئیس الجامعہ اور مدیر الجامعہ

## کے اخباری بیانات

### عوام اپنے ووٹ تقسیم نہ ہونے دیں: علامہ مدنی

جہلم (نامہ نگار جنگ) امریکی سرپرستی میں علامہ اپنی کے گٹھ جوڑ سے پاپہ تکمیل تک پہنچنے والی سازش کے آخری مرحل میں ہے عوام نے اگر دور اندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے قیمتی ووٹوں کو تقسیم ہونے سے بچالیا تو اس سازش کے نتیجہ میں پاکستان کو پہنچنے والے نقصان کے مضر اثرات بڑی حد تک بچایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم علامہ محمد مدنی نے ریاض (سعودی عرب) سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ پاکستانی عوام اس سازش سے باخبر ہو چکے ہیں اور اس نازک موقع پر اپنے قیمتی ووٹوں کو کسی صورت میں تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس سازش کا ادراک کرنے کے باوجود اگر اسلامی جماعتیں اپنی اپنی ڈیڑھ اینٹ کی الگ مسجد بنا رہی ہیں تو اس کا صاف مطلب ہے کہ وہ امریکی سازش کا شکار ہو کر شعوری طور پر بالواسطہ عورت کی حکمرانی کی لعنت دوبارہ پاکستان پر مسلط کرنا چاہتی ہیں مگر انشاء اللہ اس بار عوام ان کے فریب میں نہیں آئیں گے اور ۶ اکتوبر کو اپنا وزن ایک ہی پلڑے میں ڈال کر میاں محمد نواز شریف کو دو تہائی اکثریت سے کامیاب کروائیں گے۔

### خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ میں نواز شریف کیلئے دعائیں کی جا رہی ہیں

○○ ............ علامہ محمد مدنی

جہلم (نامہ نگار) خانہ کعبہ اور مسجد نبوی میں عالم اسلام کے کونے کونے سے آئے ہوئے مسلمانوں کی دعائیں پاکستان کے حالیہ انتخابات میں مرد مجاہد میاں محمد نواز شریف کی بھاری اکثریت سے کامیابی کے لئے جاری ہیں اس بات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم علامہ محمد مدنی نے ریاض سے ٹیلی فون پر مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف کے حق میں دعائیں صرف اردو بولنے والے نہیں بلکہ عرب دنیا سے تعلق رکھنے والے عربی لوگ بھی کر رہے ہیں جنہیں نواز شریف کی صورت میں عالم اسلام کا ایک جرات مند لیڈر ملا جو امریکی اور یہودی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکتا ہے انہوں نے کہا کہ سعودی عوام بھی محمد نواز شریف کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

(روزنامہ "جنگ" لاہور، ۵ اکتوبر ۹۳ء — روزنامہ "مشرق" لاہور، ۶ اکتوبر ۹۳ء — روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی، ۶ اکتوبر ۹۳ء — روزنامہ "خبریں" ۶ اکتوبر ۹۳ء)

### پاکستان پر امریکی بالادستی کے خاتمے کیلئے نواز شریف کو وزیر اعظم بنانا ہو گا

## پاکستانیوں کی قسمت کا فیصلہ "بابا بی بی" گٹھ جوڑ نے امریکہ کو دیا ہے! حافظ عبدالحمید عامر

جہلم (نامہ نگار) اگر قوم پاکستان سے امریکی بالادستی کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ چاہتی ہے تو ہم اکتوبر کو میاں نواز شریف کو دو تہائی اکثریت سے کامیاب کروانا ہو گا۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز رہنما اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے پرنسپل حافظ عبدالحمید عامر نے مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ "بابا" "بی بی" اور لونوں کی ملی بھگت سے امریکہ کو جس طرح پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا موقع ملا ہے اس سے تو ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے پاکستان امریکہ کی ریاست کا کوئی صوبہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ تو امریکی یہود ونصاریٰ سے بھی معاملہ بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ ... یہودی اور بھارتی سازش سے بچ نکلنے کا عوام کے پاس یہ آخری چانس ہے۔ اگر اس مرتبہ پاکستانی عوام نے دھوکا کھایا تو شاید آئندہ یہ موقع ان کے ہاتھ بھی نہ آئے۔ اس لئے کہ امریکہ اپنی گرفت پاکستان پر مضبوط کر دے گا۔ حافظ عبدالحمید عامر نے مزید کہا کہ اگر کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیریوں اور ہم نے ہی کرنا ہے اور پاکستانی ایٹمی پروگرام کو جاری رکھنا ہے اور اپنے پیارے وطن پاکستان کو خود مختار رکھنا ہے تو ہمیں چھ اکتوبر کو بڑے سوچ سمجھ کر اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال کرنا ہو گا اور اسے لوٹوں، لٹیروں، ملک دشمنوں اور اسلام کے نام پر تقسیم ہونے سے بچانا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر اسلام کے نام ووٹ مانگنے والے دراصل اسلام پسندوں کے ووٹ تقسیم کر کے دوبارہ عورت کی حکمرانی اسلامی جمہوریہ پاکستان پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ جسے پاکستان کے غیرت مند عوام کبھی پسند نہیں کریں گے۔ لہٰذا پاکستانی عوام کو چاہئے کہ وہ اس موقع پر پاکستان کی مخلص محب وطن جماعت مسلم لیگ (نواز گروپ) کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں۔

(روزنامہ "جنگ" لاہور، "نوائے وقت" راولپنڈی/اسلام آباد ۶ اکتوبر ۱۹۹۳ء، روزنامہ "نوائے وقت" لاہور، ۵ اکتوبر ۱۹۹۳ء)

امریکہ کے مطلوبہ نتائج کے حصول میں اسلامک فرنٹ نے بھرپور کردار ادا کیا

# پاکستان کی دینی جماعتوں نے پیپلز پارٹی کو براہِ راست فائدہ پہنچا کر پوری دنیا کے اسلام پسندوں کو شرمسار کر دیا ہے! — حافظ عبدالحمید عامر

جہلم (نمائندہ) حالیہ انتخابات میں مسلم لیگ کے مقابلہ میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کامیاب کرواکر امریکہ کے مطلوبہ نتائج کے حصول میں اسلامک فرنٹ کے سربراہ قاضی حسین احمد نے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث کے ممتاز رہنما اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے پرنسپل حافظ عبدالحمید عامر نے مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ۹۰ء کے الیکشن میں بڑی مشکل سے عورت کی حکمرانی کی نحوست سے جان چھڑائی تھی مگر اس دفعہ پھر اسلامی جماعتوں نے تنہا پرواز کے شوق میں الگ الگ چھوٹے چھوٹے محاذ بنا کر اسلامی ووٹوں کو تقسیم کر کے مسلم لیگ کو بالواسطہ نقصان اور پیپلز پارٹی کو براہ راست فائدہ پہنچا کر پوری دنیا میں دینی اسلامی جماعتوں کو بدنام کر دیا اس کی ذمہ داری اسلامی فرنٹ اسلامی جمہوری محاذ اور متحدہ دینی محاذ کے رہنماؤں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے نواز شریف سے ذاتی مخالفت اور معمولی سے مفادات کے لئے قوم کا مستقبل امریکہ اور اس کے حواریوں کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک موقع پر جمعیت اہلحدیث کا کردار تاریخی اور یادگار ہے کہ جنہوں نے ہر قسم کے ذاتی جماعتی اور ملکی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اہلحدیث اتحاد کونسل بنا کر متفقہ طور پر ملک و ملت کے وسیع تر مفاد میں مسلم لیگ نواز شریف گروپ کی بے لوث حمایت کا فیصلہ کیا۔ اس پر میں جمعیت اہلحدیث کے قائدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(روزنامہ "نوائے وقت" راولپنڈی — "نوائے وقت" لاہور — روزنامہ "پاکستان" لاہور، ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۳ء)

## اسلامی جماعتوں نے تنہا پرواز سے [illegible] مسلم لیگ کو بالواسطہ نقصان پہنچایا — عبدالحمید عامر

جہلم (نمائندہ جنگ) حالیہ انتخابات میں مسلم لیگ کے مقابلہ میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کامیاب کروا کر امریکہ کے مطلوبہ نتائج کے حصول میں اسلامک فرنٹ نے بھرپور کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث کے رہنما اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے پرنسپل حافظ عبدالحمید نے مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 90ء کے الیکشن میں بڑی مشکل سے عورت کی حکمرانی سے جان چھڑائی تھی مگر اس دفعہ پھر اسلامی جماعتوں نے تنہا پرواز کے شوق میں الگ الگ چھوٹے چھوٹے محاذ بنا کر اسلامی ووٹوں کو تقسیم کر کے مسلم لیگ کو بالواسطہ نقصان اور پیپلز پارٹی کو براہ راست فائدہ پہنچا کر پوری دنیا میں دینی اسلامی جماعتوں کو بدنام کر دیا اس کی ذمہ داری اسلامی فرنٹ، اسلامی جمہوری محاذ اور متحدہ دینی محاذ کے رہنماؤں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے نواز شریف سے ذاتی مخالفت اور معمولی سے مفادات کیلئے قوم کا مستقبل فروخت کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک موقع پر جمعیت اہلحدیث کا کردار تاریخی اور یادگار رہے گا جنہوں نے ہر قسم کے ذاتی، جماعتی اور ملکی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اہلحدیث اتحاد کونسل بنا کر متفقہ طور پر ملک و ملت کے وسیع تر مفاد میں مسلم لیگ نواز شریف گروپ کی حمایت کا فیصلہ کیا اس پر میں جمعیت اہلحدیث کے قائدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(روزنامہ "جنگ" لاہور، ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۳ء)

## روزنامہ نوائے وقت لاہور

2 اکتوبر 1993ء

### ملک دشمن تشدد کی سیاست پر اتر آئے ہیں وائیں کے قاتلوں کو بے نقاب کیا جائے ○ عبدالحمید عامر

جہلم (نامہ نگار) میاں نواز شریف کی عوامی مقبولیت سے گھبرا کر ملک دشمن تشدد پر اتر آئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ممتاز رہنما اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مدیر حافظ عبدالحمید عامر نے ایک اخباری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ممتاز مسلم لیگی رہنما غلام حیدر وائیں کا قتل ملک دشمنوں کی طرف سے انتخابات کے التواء کی ایک سوچی سمجھی سازش کا نتیجہ ہے۔ ملک دشمنوں کو انتخابات میں اپنی یقینی شکست نظر آ رہی ہے ملک سندھی عوام میں میاں نواز شریف کی بے پناہ مقبولیت کی وجہ سے سندھ کارڈ کا حربہ بھی ان کے ہاتھ سے نکلتا ہوا محسوس ہوا تو انہوں نے انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنے کے لئے ملک کو خانہ جنگی کی طرف دھکیل دیا۔ انہوں نے نگران حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر غلام حیدر وائیں کے قاتلوں کو گرفتار کر کے بے نقاب کرے اور انہیں سر عام پھانسی پر لٹکایا جائے۔